# 24-05-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔یکم جون سے دوسرے مرحلہ کے اندراماں مکانات کی منظوری کا ریاستی کابینہ کا فیصلہ۔

۲۔ریاستی وزیر ٹی ناگیشورراؤ نے اعلان کیا کہ حکومت ریاست میں مکئی کی خریداری کیلئے تیار ہے۔

۳۔محکمہ موسمیات کے مطابق ریاست میں اگلے تین دنوں تک درجہ حرارت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔بعض اضلاع میں لُو کے پیش نظر آرینج الرٹ جاری۔

۴۔ ایبولا وائرس سے 200 سے زائد اموات کے پیش نظر کانگو کا سفر نہ کرنے حکومت ہند کی اڈوائزری۔

## Telangana Cabinet

ریاستی کابینہ نے کئی اہم فیصلوں کی منظوری دے دی ہے۔گزشتہ روز منعقدہ اجلاس میں وزراء نے اندراماں ہاؤسنگ اسکیم کے دوسرے مرحلہ کو منظوری دی۔حکومت نے ریاست بھر میں 2 لاکھ 50 ہزار غریب خاندانوں کے لئے اندراماں مکانات تعمیر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ہر اسمبلی حلقے کو 2 ہزار مکانات الاٹ کئے جائیں گے۔ پہلے مرحلہ میں جن اندراماں مکانات کی تعمیر شروع ہو چکی ہے، ان میں سے تقریباً ایک لاکھ گھروں کا افتتاح 2 جون تک متوقع ہے۔کومرم بھیم آصف آباد ضلع کے کوٹھاری گاؤں میں کولام قبائلیوں کے لئے حکومت کی جانب سے تعمیر کردہ 28 اندراماں گھروں کا افتتاح یکم جون کو وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کریں گے۔کابینہ نے یہ بھی فیصلہ کیا ہے کہ حیدرآباد میٹروپولیٹن علاقہ کے کیور حدود میں شامل 24 اسمبلی حلقوں میں کم آمدنی والے طبقات کے لئے ایک لاکھ LIG مکانات تعمیر کئے جائیں۔ ساتھ ہی تلنگانہ کو جھونپڑیوں سے پاک ایک مثالی ریاست بنانے کا عزم ظاہر کیا گیا۔متحدہ آندھرا پردیش کے دوران کانگریس حکومت کے دور میں

شروع کیئے گئے اندراماں گھروں کی وہ تعمیرات جو دیواروں یا سلیب کے مرحلہ پر رک گئی تھیں انہیں بھی مکمل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔اس کے تحت جن گھروں کی بنیاد مکمل ہوچکی مگر دیواریں یا سلیب نہیں بنے انہیں 3 لاکھ روپے دئے جائیں گے جبکہ جن گھروں کی دیواریں مکمل ہوچکی ہیں مگر سلیب کا کام رکا ہوا ہے انہیں 2 لاکھ روپے فراہم کیے جائیں گے۔حکومت کے اس فیصلے پر وزیر پونگولیٹی نے ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ یہ اقدامات غریب خاندانوں کیلئے بڑی راحت ثابت ہوں گے۔

Sound Byte : Ponguleti - Desk

Tourism Summit

ریاستی وزیر سیاحت جو پلی کرشن راؤ نے کہا ہے کہ سیاحت کے شعبہ کو ریاست کی معاشی ترقی کا اہم انجن بنایا جائے گا اور تلنگانہ کو بین الاقوامی سیاحتی مقام کے طور پر ترقی دینا حکومت کا بنیادی مقصد ہے۔وہ گچی باؤلی میں واقع نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ٹورزم اینڈ ہاسپیٹیلیٹی مینجمنٹ کے احاطہ میں منعقدہ ’ڈیسٹینیشن تلنگانہ۔روڈ اے ہیڈ‘ نامی سیاحتی کانفرنس سے بطور مہمانِ خصوصی خطاب کررہے تھے۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ ریاست میں سیاحت کے فروغ کے لئے حکومت مکمل تعاون فراہم کرے گی اور خانگی شراکت داری کے ذریعہ ٹورزم پروجیکٹس کو تیزی سے مکمل کیا جائے گا۔ انہوں نے صنعتکاروں اور سرمایہ کاروں سے اپیل کی کہ وہ سیاحت کے شعبہ میں سرمایہ کاری کے لئے آگے آئیں۔انہوں نے یقین دہانی کروائی کہ اگر تجاویز کے ساتھ تفصیلی ڈی پی آر پیش کیا جائے تو حکومت بغیر کسی تاخیر کے منظوری دے گی۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ منتخب سیاحتی مقامات کی ترقی کے لئے حکومت جلد ’ایکسپریشن آف انٹرسٹ‘ نوٹیفکیشن جاری کرے گی۔منتخب اداروں کے لئے ڈیزائن اور پروجیکٹ تخمینہ لاگت بھی حکومت خود برداشت کرے گی۔

Sound Byte : Jupally

MORN. G-RAM-G DRAFT RULES

حکومت نے وسیع عوامی مشاورت کے لئے' وی بی جی رام جی ایکٹ 2025 ' کے تحت مسودہ قواعد جاری کر دئے ہیں۔ دیہی ترقیاتی وزارت نے بتایا کہ کوئی بھی فرد، شراکت دار فریق، ادارہ یا تعلیمی تنظیم آئندہ ماہ کی 21 تاریخ تک اپنے اعتراضات یا تجاویز جائزے کے لئے پیش کر سکتی ہے۔ یہ نیا' وی بی جی رام جی قانون' 20 سال پرانے مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار ضمانت قانون 2005 کی جگہ لے گا۔ نئے قانون کے تحت ایک مالی سال میں قانونی روزگار کی ضمانت کو 100 دنوں سے بڑھا کر 125 دن کرنے کی تجویز دی گئی ہے جو اس قانون کا اہم مقصد قرار دیا جا رہا ہے۔

NSD

Heat

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع میں گرمی کی شدت مزید بڑھ گئی ہے۔ ضلع کے کئی علاقوں میں درجہ حرارت 46 ڈگری سیلسیس سے زیادہ ریکارڈ کیا جا رہا ہے۔ گزشتہ روز منوگورو، دوم موگوڑم، لکشمی دیوی پلی، بورگم پہاڑ، چنچو پلی اور پینا پاکا میں 46 ڈگری سیلسیس درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ ضلع کے تقریباً 20 علاقوں میں درجہ حرارت 45 ڈگری سے زیادہ ریکارڈ ہوا۔ محکمہ صحت کے حکام نے خبردار کیا ہے کہ شدید گرمی کا سلسلہ جاری رہ سکتا ہے اس لئے صبح 10 بجے سے شام 5 بجے تک غیر ضروری طور پر لوگ گھروں سے باہر نہ نکلیں۔ خاص طور پر بزرگ افراد اور چھوٹے بچوں کو سفر سے گریز کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ حکام نے ڈی ہائیڈریشن سے بچنے کے لئے زیادہ مقدار میں پانی، چھاچھ اور ناریل پانی پینے کی ہدایت دی ہے اور کہا ہے کہ وقفہ وقفہ سے مشروبات کا استعمال جاری رکھیں۔

Bhadradri Kothagudem PTC

EBOLA - GOVT

کانگو، یوگانڈا اور جنوبی سوڈان میں ایبولا کی وباء کی شدت کے تناظر میں اگلے احکامات تک ہندوستانی شہریوں کو ان ممالک کا ہنگامی صورتحال کے سوا سفر نہ کرنے کا حکومت ہند نے مشورہ دیا ہے۔ یہ بھی ہدایت دی گئی ہے کہ اِس وقت ان ممالک میں مقیم یا وہاں کا سفر کرنے والے ہندوستانی شہری متعلقہ عہدیداروں کی جانب سے صحت سے متعلق جاری کردہ رہنمایانہ خطوط پر عمل کریں اور اسی طرح احتیاطی اقدامات کا خیال رکھا جائے۔

NSD

CRICKET - IPL

آئی پی ایل میاچ کولکتہ کے ایڈن گارڈنس میں کولکتہ نائٹ رائیڈرس اور دہلی کیپٹلس کی ٹیمیں آج ایک دوسرے کے مقابل ہوں گی۔ یہ میاچ آج شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا جبکہ فرنچ اوپن ٹینس ٹورنمنٹ کا 125 واں ایڈیشن آج پیرس میں شروع ہوگا۔نوواک جاکوبچ ریکارڈ سطح پر اپنے 25ویں گرانڈ سلام ٹائٹل کیلئے مقابلہ کریں گے۔

NSD

Temperature

محکمہ موسمیات کے مطابق ریاست میں اگلے تین دنوں کے دوران درجہ حرارت میں کسی بھی طرح کی تبدیلی نہیں رہے گی۔ چار دنوں کے بعد درجہ حرارت میں دو تا تین ڈگری کی کمی آئے گی۔آصف آباد ، منچریال، کریم نگر، پداپلی، ملگ، بھوپال پلی، کھمم، نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، محبوب آباد، ورنگل، ہنمکنڈہ اضلاع میں آج اور کل لُو چلنے کا امکان ہے۔صورتحال کے پیش نظر عوام کو محتاط رہنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

Desk

VC.Sajjanar

حیدرآباد سٹی پولیس نے پولیسنگ سسٹم کو عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے ایک اور تاریخی پہل کی ہے۔ پولیس اسٹیشن آنے والے متاثرین کو زبان سے متعلق مشکلات درپیش نہ ہوں اس کیلئے شکایت کے جلد سے جلد اندراج کو یقینی بنانے ملک میں پہلی مرتبہ اے آئی کاپ رائٹر نامی مصنوعی ذہانت پر مبنی موبائل ایپ کی خدمات شروع کی گئی ہے جس کا آغاز کمشنر پولیس حیدرآباد وی سی سجنار نے کیا۔ شہر کے 80 سے زیادہ پولیس اسٹیشنوں میں یہ سہولت دستیاب رہے گی جس کے ذریعہ متاثرین کی جانب سے اپنی مادری زبان میں کی جانے والی شکایت کو فوری ریکارڈ کر کے اس کا ترجمہ کیا جاسکے گا۔

Desk

Assurance on the Bus

تلنگانہ اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن نے مسافروں کی حفاظت اور اعتماد کو مزید مضبوط بنانے کے لئے ایک انقلابی فیصلہ کیا ہے۔ حادثات اور چوری جیسے واقعات کی روک تھام کے مقصد سے ادارہ کے مینجنگ ڈائرکٹر ناگی ریڈی نے نئی حکمت عملی متعارف کروائی ہے۔ مسافروں کو بلاخوف و خطر سفر کی سہولت فراہم کرنے کے لئے 'بس میں بھروسہ' نامی پروگرام کو متحدہ عادل آباد ضلع میں پائلٹ پروجیکٹ کے طور پر تجرباتی بنیادوں پر شروع کیا گیا ہے۔ اس جدید سکیورٹی نظام کے تحت عادل آباد ریجن کی تقریباً 175 بسوں میں جدید سی ٹی وی کیمرے نصب کئے گئے ہیں۔ ڈرائیور کیبن کے قریب خواتین کے لئے مخصوص نشستوں، فٹ بورڈ اور بس کی آخری سیٹ تک ہر حصہ کو واضح طور پر کاور کرنے کے لئے خصوصی ٹکنالوجی کے ساتھ نگرانی کے آلات لگائے گئے ہیں۔ بس میں سوار ہونے والے ہر فرد کے چہرے کے تاثرات سے لے کر سفر کے دوران ہونے والی ہر حرکت

تک تمام مناظر ریکارڈ کئے جائیں گے۔عادل آباد میں شروع کئے گئے اس پائلٹ پروجیکٹ کے نتائج کی بنیاد پر، مستقبل میں ریاست بھر کے تمام ڈپوؤں کی بسوں میں بھی سی سی ٹی وی نگرانی کے اس نظام کو وسعت دینے کی منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔

## Tummala on Crop Cultivation

ریاستی وزیرزراعت ٹی ناگیشورراؤ نے کسانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ مارکیٹ میں طلب والی فصلوں کی ہی کاشت کریں اور فصلوں کی تبدیلی کے طریقہ کار کو اپنائیں۔انہوں نے حیدرآباد میں واقع پروفیسر جے شنکر زرعی یونیورسٹی میں منعقدہ ہفتہ تخم کا افتتاح کیا۔ریاستی وزیر نے ڈیجیٹل اگریکلچر اور ٹکنالوجی سینٹر کا دورہ کرتے ہوئے جدید ڈرونز کے استعمال پر جاری تحقیقات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔انہوں نے ایس بی آئی، سی ایس آر کے فنڈس کی مدد سے ترقی دئے گئے روبوٹکس اینڈ سینسر بیسڈ لیبارٹری کا بھی دورہ کیا اور زرعی شعبہ کے لئے روبوٹس تیار کرنے والے سائنسدانوں کو مبارکباد دی۔انہوں نے زرعی یونیورسٹی کے حکام کو ہدایت دی کہ کسانوں تک جدید زرعی ٹکنالوجی کو مؤثر انداز میں پہنچایا جائے تاکہ زراعت کو مزید ترقی دی جاسکے۔

Desk

## School Development

ریاست میں سرکاری اسکولس اور تعلیمی ترقی کے لئے مختلف اداروں نے پہل کی ہے اور کارپوریٹ سوشل ریسپانسبلیٹی کے تحت مالی تعاون فراہم کیا جارہا ہے۔اداروں کے نمائندوں نے گزشتہ روز سکریٹریٹ میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی موجودگی میں معاہدوں پر دستخط کئے۔میڑچل ملکاجگری ضلع کے جواہر نگر میں اسکول اور جونیر کالج کی تعمیر کے لئے 19 کروڑ روپے، ضلع رنگاریڈی تو کوگوڑہ میں ضلع پریشد ہائی اسکول کی جدید کاری اور انٹرمیڈیٹ کلاس رومس کی تعمیر کے لئے 10 کروڑ روپے ایک فاؤنڈیشن کی جانب سے فراہم کئے جائیں گے۔ضلع رنگاریڈی کے کونڈاپور میں پری

پرائمری سے انٹر تک کے طلبہ کے لئے کلاس رومس کی تعمیر کیلئے 50 کروڑ روپے ایک اور گروپ خرچ کرے گا جبکہ ضلع میڑچل ملکاجگری سبھاش نگر منڈل پریشد اسکول میں پری پرائمری، چھٹی اور ساتویں جماعت کے کلاس رومس کیلئے 12 کروڑ روپے ایک خانگی اسپتال گروپ کی جانب سے فراہم کئے جائیں گے۔ Desk

N. Uttam Kumar Reddy

ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست میں 8 ہزار 575 اناج کی خریداری کے مراکز ہیں۔انہوں نے بتایا کہ 51 لاکھ ٹن اناج خریدتے ہوئے کسانوں کو 45 ہزار کروڑ روپے ادا کئے گئے ہیں۔حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کسانوں کو دھوکہ دینے والوں کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا انتباہ دیا ہے اور کہا کہ حکومت کی نیک نامی کو متاثر کرنے والے حرکات نہ کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ بارش کے باوجود بھیگ جانے پر بھی اناج خریدنا ہی ہوگا۔

Desk

Thummala Nageswara Rao

ریاستی وزیر زراعت ٹی ناگیشور راؤ نے کہا کہ مکئی کی خریداری کے مسئلہ پر مرکز کی جانب سے ردِ عمل ظاہر نہ کرنے پر ریاستی حکومت کی جانب سے ہی خریدنے کا چیف منسٹر ریونت ریڈی نے فیصلہ کیا ہے۔انہوں نے بتایا کہ مکئی کی خریدی کیلئے تاحال مختص کردہ چار ہزار کروڑ کے علاوہ مزید ایک ہزار 800 کروڑ چیف منسٹر نے مختص کئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جاریہ سال ربیع مارکیٹنگ سیزن میں ریاست میں مکئی کی بڑے پیمانہ پر کاشت کے تناظر میں چیف منسٹر نے یہ فیصلہ کیا ہے۔انہوں نے اعلان کیا کہ حکومت 11 سو کروڑ کی لاگت سے مکئی کی خریداری کیلئے تیار رہے۔ Desk

OO